**16.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

……………………………….

- ☆ بھارت نے الاسکا میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پتن کے درمیان سربراہ ملاقات کا خیرمقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ قیامِ امن کی تلاش میں اُن کی قیادت بہت قابل تحسین ہے۔
- ☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Cho Hyun کے ساتھ بات چیت میں باہمی اشتراک کو وسعت دینے پر تبادلۂ خیال کیا۔
- ☆ ممبئی اور مہاراشٹر کے مختلف حصوں میں لگاتار تیز بارش ہونے سے روزمرہ کی زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئی ہے۔
- ☆ سری کرشن جنم اشٹمی پورے ملک میں بڑے جوش وخروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔
- ☆ بھارت دہرہ دون میں اگلے ہفتے پہلی بار سب سے بڑے بین الاقوامی Winter اسپورٹس مقابلوں کی میزبانی کرنے والا ہے۔
- ☆ اور بھارتی اسکواش کھلاڑی Anahat Singh آسٹریلیا میں جاری NSW Bega Open 2025 ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

……………………………….

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## India Trump Putin Overall

بھارت نے الاسکا میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پتن کے درمیان سربراہ ملاقات کا یہ کہتے ہوئے خیرمقدم کیا ہے کہ قیامِ امن کی اُن کی کوشش قابل تحسین ہے۔ ایک بیان میں بھارت کی وزارت خارجہ نے بات چیت میں ہونے والی پیشرفت کی ستائش کی ہے اور اِس بات کو دوہرایا ہے کہ مذاکرات اور ڈپلومیسی ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ دنیا یوکرین میں لڑائی کے جلد خاتمے کی خواہشمند ہے۔ ادھر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے روس کی قابل قدر طاقت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ یوکرین کو لڑائی کے خاتمے کیلئے روس کے ساتھ سمجھوتے پر غور کرنا چاہیے۔

صدر ٹرمپ کا یہ بیان کل الاسکا میں روس کے صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ تقریباً تین گھنٹے کی میٹنگ کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ فروری 2022 میں یوکرین پر روس کے حملے کے بعد سے امریکہ اور روس کے درمیان یہ

پہلی سربراہ بات چیت ہوئی ہے۔ صدر ٹرمپ نے یہ اشارہ بھی دیا ہے کہ دونوں رہنما جنگ بندی کی بجائے سیدھے امن مذاکرات پر رضامند ہوگئے ہیں اور یہ آگے بڑھنے کا بہترین راستہ ہے۔ اس سے یوکرین اور اُس کے اتحادیوں کے پہلے کے موقف میں تبدیلی کا اظہار ہوتا ہے۔اُدھر صدر پتن نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ تبادلۂ خیال سے وہ یوکرین میں قیامِ امن کے اور قریب آجائیں گے۔

یوکرین کے صدر زیلنسکی نے کہا ہے کہ وہ پیر کے روز واشنگٹن میں صدر ٹرمپ سے ملاقات کریں گے۔ انھوں نے بتایا کہ صدر ٹرمپ نے الاسکا سے واپس آنے کے بعد فون پر اُن سے گفتگو کی ہے اور انھوں نے سربراہ بات چیت کے اہم نکات سے اُنھیں واقف کرایا۔وہائٹ ہاؤس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ صدر ٹرمپ نے زیلنسکی سے گفتگو کے بعد NATO کے رہنماؤں سے بھی فون پر بات کی۔

ادھر یوروپی لیڈروں نے زیلنسکی کے ساتھ بات چیت میں اُس جانکاری اور معلومات کا جائزہ لیا جو صدر ٹرمپ نے فراہم کی ہے۔ اِن لیڈروں میں فرانس کے صدر میخوں، جرمنی کے چانسلر Merz، برطانیہ کے وزیر اعظم Starmer اور اٹلی کی وزیر اعظم Meloni شامل ہیں۔ پولینڈ کے وزیر اعظم Tusk نے کہا ہے کہ انھوں نے اِس جانکاری کی بنیاد پر مشترکہ طور پر ایک بیان تیار کیا ہے۔x

## PM Delhi Projects

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں تقریباً گیارہ ہزار کروڑ روپے مالیت کے قومی شاہراہ کے دو اہم پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ اِن پروجیکٹوں میں دوارکا ایکسپریس وے کا دلّی سیکشن اور شہری سڑک کی توسیع کا دوسرا مرحلہ شامل ہیں۔ وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ قومی راجدھانی میں بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے کے حکومت کے جامع منصوبے کے تحت اِن پروجیکٹوں کو تیار کیا گیا ہے، جن کا مقصد دلّی اور اُس سے متصل علاقوں میں کنیکٹیوٹی کو بہتر بنانا، سفر کے وقت میں کمی کرنا اور ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ x

## Jaishankar Korean FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جۓ شنکر نے آج نئی دلّی میں جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Cho Hyun سے باہمی بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جۓ شنکر نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ اشتراک کو آگے بڑھانے کے مقصد سے مفید تبادلۂ خیال کیا۔ اِن شعبوں میں تجارت، مینوفیکچرنگ، بحری اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔

ڈاکٹر جۓ شنکر نے بتایا کہ انھوں نے آرٹیفیشل انٹلیجنس، سیمی کنڈکٹرس، ماحولیات کیلئے سازگار توانائی اور دفاع سمیت ابھرتے ہوئے شعبوں میں نئے مواقع بھی تلاش کئے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے بھارت–بحرالکاہل خطے اور موجودہ عالمی حالات وواقعات پر تبادلۂ خیال بھی کیا۔

میٹنگ کے دوران ڈاکٹر جۓ شنکر نے دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی کلیدی ساجھے داری کو 10 سال مکمل

ہونے کے تناظر میں مختلف امور پر اتفاق رائے بڑھنے اور رابطوں میں توسیع پر اطمینان کا اظہار کیا۔

S/B Dr. S Jaishankar

ادھر جنوبی کوریا کے وزیر خارجہ Cho Hyun نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے معاملے پر اُن کے ملک کا موقف بہت سخت اور پختہ ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ پہلگام میں دہشت گردوں کے حملے کے بارے میں جناب Hyun نے کہا کہ جمہوریۂ کوریا کسی بھی دہشت گردانہ حملے کے سخت خلاف ہے۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریۂ کوریا، بھارت سرکار اور اس کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

S/B Cho Hyun

## Jaishankar UK FS

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے آج برطانیہ کے وزیرخارجہ David Lammy نے فون پر بات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے بتایا کہ اِس گفتگو میں یوکرین کے حالیہ واقعات اور دیگر امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔x

## J&K CM Visits Flood Hit

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج بادل پھٹنے کے بعد اچانک سیلاب سے کشتواڑ کے Chashoti گاؤں میں ہوئے نقصان کا جائزہ لینے کیلئے وہاں کا دورہ کیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ راحت اور بچاؤ کارروائی کی نگرانی کر رہے فوج کے ایک سینئر افسر نے وہاں جاری کارروائیوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ کو تفصیل بتائی۔ راحت اور بچاؤ کارروائی ابھی جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ کے امدادی فنڈ سے نقد امداد کا اعلان کرتے ہوئے جناب عبد اللہ نے مطلع کیا کہ مہلوکین کے ہر کنبے کو دو لاکھ روپے، شدید طور پر زخمی کو ایک لاکھ روپے اور معمولی طور پر زخمیوں کو 50ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ آج لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سینئر عہدیداران سے بات کی اور کشتواڑ کے Chashoti میں جاری راحت اور بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیا۔ x

## Maha Heavy Rain

ممبئی میں کل رات سے لگاتار تیز بارش ہونے کی وجہ سے روز مرہ کی زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئی ہے۔
آج صبح سویرے ایک مکان پر چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے کم از کم دو افراد کی موت ہوگئی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Prarthna

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق آج صبح ساڑھے آٹھ بجے تک گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران Santa Cruz موسمیاتی مرکز نے 244ملی میٹر بارش ریکارڈ کی، جو پچھلے پانچ سال میں اگست کے مہینے کے ایک ہی دن میں ہونے والی سب سے زیادہ بارش ہے۔

اِدھر Colaba موسمیاتی مرکز نے اِسی مدت کے دوران 83ملی میٹر بارش ریکارڈ کی۔ شہر کے بیشتر حصوں میں آج دن بھر لگاتار بارش ہوتی رہی۔ تیز بارش ہونے سے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا، ٹریفک میں خلل پڑ گیا اور روز مرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی۔ مضافاتی ریل گاڑیاں کچھ تاخیر سے چل رہی ہیں۔ تیز بارش کے باوجود سری کرشن جنم اشٹمی کے موقع پر شہر کے مختلف مقامات پر دَہی ہانڈی کی تقریبات پورے جوش وخروش کے ساتھ منعقد کی گئیں۔مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس نے ممبئی اور تھانے میں کئی دَہی ہانڈی تقریبات میں شرکت کی۔اِدھر Mankhurd علاقے میں ایک افسوناک واقعے میں دَہی ہانڈی تقریب کے دوران ایک شخص کی موت ہوگئی۔

ممبئی سے Prarthna کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدنظر تلنگانہ، مہاراشٹر، گجرات اور گوا کے بعض حصوں کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے نے گجرات اور جنوبی ودربھ میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے جبکہ کونکن، گوا اور مدھیہ مہاراشٹر میں اگلے تین دن کے دوران انتہائی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

اگلے دو تین دن کے دوران کرناٹک، تلنگانہ، تمل ناڈو، کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش اور یانم میں بھی کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ، مشرقی راجستھان، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور ہریانہ میں بھی اگلے تین چار دن کے دوران اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق اگلے تین دن کے دوران دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہلکی بارش کا امکان ہے۔x

## Kerala Rain

بھارتی موسمیات محکمے نے کیرالہ میں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے اور پانچ ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اِن میں Idukki، ارناکلم، تھریسور، Kannur اور کاسرگوڑ شامل ہیں۔سبھی دیگر ضلعوں کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ Kannur اور کاسرگوڑ میں اورینج الرٹ اگلے دو دن جاری رہے گا۔ سمندر میں اونچی اونچی لہریں اٹھنے کے مدنظر کیرالہ–کرناٹک–لکشدیپ ساحلوں پر اِس مہینے کی 18 تاریخ تک مچھلیاں پکڑنے کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ پوری ریاست میں 40سے لے کر 50 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔x

## Janmashtami

بھگوان کرشن کا یومِ پیدائش Janmashtami کا تہوار آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ بڑی تعداد میں عقیدت مند پوجا کیلئے مندروں میں پہنچے۔

S/B: 2100- Krishna Bhajan

ملک بھر میں ہزاروں مندروں کو پھولوں سے سجایا گیا اور روایتی انداز میں جھانکیاں پیش کی گئیں۔ بھگوان

کرشن کے جائے پیدائش، اتر پردیش کے متھرا میں، عقیدت اور مذہبی جوش و خروش دیکھا گیا۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...

VC Om Awasthi

اتر پردیش کے متھرا اور بِرنداون میں، بھگوان کرشن کے یومِ پیدائش پر بڑی تعداد میں عقیدتمند موجود ہیں۔ کرشن جنم استھان سیوا سنستھان کے ایک رکن گوپیشور ناتھ چترویدی نے کہا کہ جنم اُتسو کی تقریب، رات گیارہ بجے اور Prakatyotsav آدھی رات بارہ بجے ہوگی۔ مندر، درشن کیلئے دیر رات 2 بجے تک کھلے رہیں گے۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ آج دوپہر متھرا پہنچے اور شری کرشن جنم بھومی مندر میں پوجا ارچنا کی۔ اپنے دورے کے دوران انھوں نے متھرا اور بِرنداون کے ثقافتی اور روحانی ورثے کے تحفظ کے اپنے عزم کو دوہرایا۔
لکھنؤ سے اوُم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

راجدھانی دلّی میں بھی روشنیوں، رنگوں اور عقیدت کے جذبے کے ساتھ مندروں اور گھروں کو سجایا گیا اور اِس تہوار کو منانے کیلئے ایک بڑی تعداد میں عقیدتمند مندروں میں جمع ہوئے۔
پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Shivang

جنم اشٹمی کی رونق ہر مندر میں دیکھی جاسکتی ہے لیکن نئی دلّی کے بِرلا مندر، ایسٹ آف کیلاش کے اِسکون مندر، دوارکا میں اِسکون—دوارکا ڈِھیش مندر اور جنوبی دلّی میں چھتر پور مندر میں بڑی تقریبات ہوتی ہیں۔ اِس موقع پر بھگوان کرشن کو پیش کرنے کیلئے پنجابی باغ میں 501 پکوان تیار کیے گئے ہیں۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے بھی ایسٹ آف کیلاش کے اِسکون مندر میں پوجا ارچنا اور آرتی کی۔ اِس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے دلّی کی وزیر اعلیٰ نے سبھی شہریوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ سب پر بھگوان کرشن کا آشیرواد رہے۔ ملک بھر میں روایتی جوش و خروش کے ساتھ جنم اشٹمی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔
نیوز ڈیسک سے اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

پڑوسی ملک بنگلہ دیش میں بھی خاص طور سے ڈھاکہ میں عقیدتمندوں نے پرارتھناؤں اور مذہبی تقریبات میں شرکت کی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے Janmashtami کے موقع پر سبھی ہموطنوں کو مبارکباد دی ہے۔ x

## Astronaut Shukla Return

بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی، گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا 18 دن کا کامیاب مشن مکمل کرنے کے بعد بھارت واپس آرہے ہیں۔ اپنے کامیاب خلائی مشن کے بعد زمین پر آب وہوا کی مناسبت سے خود کو ڈھالنے کیلئے وہ امریکہ میں تھے۔ امید ہے کہ وہ کل وطن واپس آجائیں گے۔
سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام سے بات کرتے ہوئے شبھانشو شکلا نے اپنے سفر کو یاد کرتے ہوئے اور دوستوں اور ارکان خاندان سے ملنے کے جوش وخروش بارے میں ایک جذباتی پوسٹ شیئر کی ہے۔ شبھانشو شکلا بھارتی

فضائیہ کے ایک افسر ہیں۔ انھوں نے Axiom-4 مشن کے دوران Microgravity کے تعلق سے کئی تجربات کئے، جن کا مقصد خلاء کے شعبے میں سائنسی تحقیق کو آگے بڑھانا ہے۔x

### Dehradun International Winter Sports

بھارت پہلی مرتبہ سب سے بڑے بین الاقوامی Winter اسپورٹس مقابلوں کی میزبانی کرنے والا ہے۔ ایشیائی اوپن شارٹ ٹریک اسپیڈ Skating ٹرافی 2025 کا انعقاد رائے پور–دہرہ دون میں مہارانا پرتاپ اسپورٹس کالج میں اِس مہینے کی 20 تاریخ سے 23 تاریخ تک ہوگا۔

آئس Skating ایسوسی ایشن آف انڈیا کے صدر امیتابھ شرما نے بتایا کہ اِس تاریخی مقابلے میں 11 ایشیائی ممالک حصہ لیں گے۔ اِن میں چین، جاپان، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، سنگاپور، تھائی لینڈ، چینی تائی پے، ویتنام، ملیشیا، فلپینز اور بھارت شامل ہیں۔ جناب امیتابھ شرما نے بتایا کہ ایتھلیٹس 222 میٹر کی دوڑ سے لے کر پانچ ہزار میٹر کی رِلے دوڑ تک 9 مختلف کھیل مقابلوں میں اپنی مہارت کا مظاہرہ کریں گے۔

### Anahat BEGA Open Final

اسکواش میں بھارت کی Anahat سنگھ، آسٹریلیا میں NSW Bega Open 2025 کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے سیمی فائنل میں ایک سخت مقابلے میں مصر کی Nour Khafagy کو ہرایا۔ دلّی کی 17 سالہ کھلاڑی نے تین–دو سے جیت حاصل کی۔ Anahat، اب مصر کی Habiba Hani کے خلاف فائنل مقابلہ کھیلیں گی اور اپنا تیرہواں PSA خطاب جیتنے کی کوشش کریں گی۔ مصر کی کھلاڑی نے سیمی فائنل میں بھارت کی Akanksha Salunkhe کو تین–ایک سے شکست دی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆